# موجودہ اور منصوبہ کردہ اقدامات
# نسلی مساوات کے فروغ پر

# ہانگ کانگ مونیٹری اتھارٹی

ہانگ کانگ مونیٹری اتھارٹی (HKMA) ہانگ کانگ کا مرکزی بینکاری ادارہ ہے۔ HKMA کے چار بنیادی کام ہیں:

- لنکڈ ایکسچینج ریٹ سسٹم کے فریم ورک میں کرنسی کے استحکام کو برقرار رکھنا؛
- بینکوں کے نظام سمیت، مالیاتی نظام کے استحکام اور سالمیت کو فروغ دینا؛
- ہانگ کانگ کی حیثیت کو ایک بین الاقوامی مالیاتی مرکز کے طور پر برقرار رکھنے میں مدد کرنا، جس میں ہانگ کانگ کے مالیاتی انفراسٹرکچر کی بحالی اور ترقی؛ اور
- ایکسچینج فنڈ کو منظم کرنا شامل ہے۔

HKMA اپنی خدمات کو عوام کے تمام اراکین تک ان کے نسلی پس منظر سے قطع نظر یکساں طور پر رسائی کے فروغ کو بے حد اہمیت دیتا ہے۔

## A. HKMA کی طرف سے فراہم کردہ متعدد عوامی خدمات اور معلومات تک رسائی

| | |
|---|---|
| متعلقہ خدمات | • HKMA عام لوگوں کو متعدد خدمات اور معلومات فراہم کرتا ہے جو HKMA کے کاموں سے متعلق ہوتی ہیں۔ |
| موجودہ اقدامات | • تمام معلومات HKMA کی باضابطہ ویب سائٹ، انفارمیشن سنٹر، سوشل میڈیا پلیٹ فارموں، معلوماتی کتابچوں اور جہاں تک ممکن ہو رسالوں میں انگریزی اور چینی زبان میں دستیاب ہیں۔ |
| | • HKMA کی استفسارات اور شکایت سے نمٹنے کی خدمات تحریری اورشفوی چینی اور انگریزی دونوں میں دستیاب ہیں۔ |
| | • اگر عوام کے اراکین HKMA کی ہاٹ لائنز کے ذریعے استفسارات یا شکایات کرنا چاہتے ہیں، لیکن وہ انگریزی یا چینی زبان سے واقف نہیں ہیں، تو HKMA نے ان کے لئے مناسب طور پر مفت ٹیلیفون کے ذریعے ترجمانی کی خدمات کو نافذالعمل کر دیا ہے۔ ترجمانی کی خدمات آٹھ زبانوں، یعنی بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، ٹیگالوگ، تھائی، اردو، اور ویتنامی میں دستیاب ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| | • HKMA کی باضابطہ ویب سائٹ کے "سمارٹ کنزیومرز" سیکشن میں ایک وقف شدہ ویب صفحہ ( https://www.hkma.gov.hk/eng/smart-consumers/information-in-other-languages/) تیار کیا گیا ہے تاکہ مندرجہ ذیل عنوانات سے متعلق آٹھ زبانوں (یعنی بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، ٹیگالوگ، تھائی، اردو اور ویتنامی) میں معلومات فراہم کی جا سکے:<br>➢ اکاؤنٹ کھولنا<br>➢ صارفین سے مناسب برتاؤ کریں کا چارٹر<br>➢ آٹومیٹڈ ٹیلر مشینیں (ATMs) استعمال کرنے پر سیکیورٹی سے متعلق مشورے<br>➢ بینکوں کے طرزعمل کے ضابطہ کے عمومی اصول<br>➢ غیرفعال اکاؤنٹس کو سمجھنا<br>➢ مالیاتی صحت<br>➢ ڈیپازٹ کے تحفظ کی اسکیم |
| مستقبل کے کام کاتجزیہ | • HKMA اپنی خدمات کا وقتاً فوقتاً جائزہ لیتا ہے اور اپنے عملے اور عوام کے اراکین کی رائے / تجاویز کو مدنظر رکھتے ہوئے، جہاں ضروری ہوا بہتری لائے گا۔ |
| کیے گئے / کیے جانےوالے اضافی اقدامات | • HKMAضرورت پڑنے پر معلومات / بروشر(ز) کا دوسری زبانوں میں ترجمہ کرانے کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ ایسی معلومات / بروشر(ز) کو HKMA کی ویب سائٹ پر حسبِ ضرورت اپ لوڈ کیا جائے گا۔ |

## B. عملہ کی تربیت

| | |
|---|---|
| متعلقہ خدمات | • HKMA اپنے قانونی کاموں کی انجام دہی میں سہولت دینے کے لئے عملہ کو تربیت فراہم کرتا ہے۔ |
| موجودہ اقدامات | • عملے کے امتیازی سلوک مخالف معاملات سے متعلق آگاہی اور حساسیت کو بڑھانے کے لئے تربیت، سوال جواب اور ای میل الرٹس کا باقاعدگی سے بندوبست / اجراء کیا جاتا ہے۔ عملے کے آسان حوالے کے لئے اندرون کمپنی ورچوئل نالج سینٹر میں متعلقہ رہنما ہدایات اور آرڈیننس پر بھی توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ |
| مستقبل کے کام کا تجزیہ | • HKMA اپنے تربیتی پروگراموں کا وقتاً فوقتاً جائزہ لیتا ہے اور اپنے عملے کی رائے / تجاویز کو مدنظر رکھتے ہوئے، جہاں ضروری ہوا وہاں بہتری لائے گا۔ |
| کیے گئے / کیے جانےوالے اضافی اقدامات | • مساوی مواقع کمیشن اور دیگر متعلقہ تنظیموں کے تعاون سے عملے کی تربیت کو مستقل بنیاد پر منعقد کیا جاتا ہے۔ |

نسلی مساوات کے فروغ پر ہمارے اقدامات سے متعلق استفسارات کیلئے، براہ مہربانی منیجر (کارپوریٹ ڈویلپمنٹ) سے درج ذیل ذرائع کے ذریعے رابطہ کریں -

| | | |
|---|---|---|
| ٹیلیفون نمبر: | : | 2878 8196 |
| فیکس نمبر | : | 2878 8197 |
| ای میل | : | publicenquiry@hkma.gov.hk |
| ڈاک کا پتہ: | : | 55 ویں منزل، ٹو انٹرنیشنل فائنانس سینٹر، 8 فائنانس اسٹریٹ، سینٹرل، ہانگ کانگ |

**ہانگ کانگ مونیٹری اتھارٹی**
**جون 2026**